# ویمنز فنڈ ایشیا (WFA)

## گرانٹس کے حوالے سے پوچھے جانے والے عام سوالات:

**‘فیمنسٹ مداخلت‘ سے آپ کی کیا مراد ہے؟**

ہم ایسی مداخلت کے حامی ہیں جو فیمنسٹ قواعد کی بنیاد پر ہو؛ جو عدم مساوات، امتیاز اور اختیار سے نمٹے؛ اور عورتوں اور/یا خواجہ سراؤں* کی نمائندگی، قیادت، خود مختاری اور فیصلہ سازی کے عناصر رکھتی ہو۔ فیمنسٹ مداخلت امتیاز اور استحصال کے تاریخی اور رسمی عمل کو چیلنج کرتی ہے جو عورتوں اور خواجہ سراؤں* کی برادریوں کو ضرر پہنچانے اور حقوق سے محروم رکھنے کا سبب بنتی ہیں۔

**'حقوق کی بنیاد پر منصوبہ سازی' سے کیا مراد ہے؟**

حقوق کی بنیاد پر منصوبہ سازی میں انسانی حقوق کے موجودہ ڈھانچے کے عناصر شامل ہوتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ تنظیم اپنے منصوبوں میں عورتوں اور خواجہ سراؤں* کے حقوق اور ان کی آواز کو مرکزی جگہ دیتی ہے اور منصوبہ سازی میں قیادت اور فیصلہ سازی اہم اجزا ہیں۔ حقوق کی بنیاد پر کام کرنے کے طریقہ کا ڈھانچہ مندرجہ ذیل عناصر کا حامل ہوتا ہے: حقوق کا ادراک، حقوق کے لیے کوشش؛ حقوق کا دعویٰ اور خلاف ورزی کی تلافی؛ اور حاصل کردہ کامیابیوں کو برقرار رکھنا اور حقوق کا ارتقا۔

**عام کاموں کی گرانٹ کیا ہے؟**

عام کاموں کی گرانٹس یا مرکزی گرانٹس، گرانٹ کی ایسی قسم ہیں جو آپ اپنی تنظیم میں موجود مختلف مالی کمیوں کو پورا کرنے کے لیے طلب کر سکتے ہیں۔ یہ مدد ضروری نہیں کہ 'منصوبوں' سے منسلک ہو۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ اپنی تنظیم کے ادارہ جاتی، انتظامی اور روزمرہ کام کے اخراجات کو پورا کرنے کے لیے ہمیں درخواست دے سکتے ہیں، جیسا کہ تنخواہیں، کرایہ، سازوسامان[1]، سفر دفتر کی مرمت، آڈٹ، دیگر قانونی و مالیاتی مطابقت کے اخراجات، ادارہ جاتی قابلیت میں اضافے کے لیے، اسٹریٹجک ڈویلپمنٹ وغیرہ – یعنی وہ بنیادی اخراجات جو تنظیم کو چلانے کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔ عین اسی دوران عام کاموں کے لیے گرانٹس آپ کے جاری منصوبوں، اقدامات اور تعاون میں بھی مدد دے سکتی ہیں۔

[1] کمپیوٹر – ڈیسک ٹاپ اور لیپ ٹاپ، ہارڈ ڈرائیوز، پرنٹر، اسکینر، فوٹو کاپیئر اور کیمرے۔

عام کاموں کی گرانٹس کے لیے درخواست دیتے ہوئے آپ جزوی عام اور جزوی منصوبہ جاتی مدد؛ صرف عام مدد؛ یا صرف منصوبہ جاتی مدد کی گزارش کر سکتے ہیں۔ عام اخراجات کی گرانٹس اداروں کو فیصلہ کرنے کی لچک دیتے ہیں کہ سرمائے کی کہاں ضرورت ہے اور ان کمیوں کو پورا کرنے کے لیے گرانٹ لی جا سکتی ہے۔

عام کاموں کی گرانٹس فراہم کرتے ہوئے WFA آپ سے درخواست کرے گا کہ اپنے مجموعی کام، حکمت عملیوں اور متوقع نتائج کی معلومات دیں، بجائے اس کے کہ تنظیموں کے مخصوص پروگراموں/منصوبوں کے بارے میں بتائیں۔

**'خواجہ سراؤں*' میں کون شامل ہیں؟**

ٹرانس جینڈر (Transgender) ایک وسیع اصطلاح ہے جو مختلف صنفی شناختوں اور صنفی اظہار کی اقسام کا احاطہ کرتی ہے۔ یہ ان افراد کو بیان کرنے کے لیے ایک وسیع اصطلاح کے طور پر عام استعمال کی جاتی ہے جن کی صنفی شناخت پیدائش کے وقت بتائی گئی جنس سے مختلف ہو۔[2] ویمنز فنڈ ایشیا "ٹرانس*" کی اصطلاح استعمال کرنے کی تصدیق کرتا ہے، asterisk کے ساتھ جو ان تمام ممکنہ صنفی شناختوں کی وسیع اقسام کا احاطہ کرتا ہے جو خواجہ سراؤں کی وسیع تر تعریف کے تحت آتی ہوں۔

**اگر میری ٹیم مکمل طور پر خواتین/ خواجہ سراؤں* پر مشتمل ہو، لیکن میں بورڈ کے لیے دیگر ضروری معیارات پر پورا نہیں اترتا تو کیا میرا ادارہ فنڈنگ کا اہل قرار دیا جا سکتا ہے؟**

WFA کا منشور ہے کہ خواتین/ خواجہ سراؤں * کی زیر قیادت تنظیموں اور منصوبوں کی مدد کرنی ہے۔ اس کا بنیادی مطلب ہے کہ اگر آپ کی تنظیم خواتین/ خواجہ سراؤں * کے حقوق پر کام کرنا چاہتی ہے، تو آپ کو ادارہ جاتی ٹیم اور بورڈ دونوں میں خواتین/ خواجہ سراؤں * کی 75 فیصد نمائندگی کی ضرورت ہوگی۔ کچھ نازک کاموں کے لیے ہو سکتا ہے کہ لچک دکھائی جائے جو ادارے کے معیارات پر پورا نہ اترتی ہو، لیکن یہ شاذ و نادر ہی ہوتا ہے اور اس کا مکمل انحصار کام کی قسم اور جس مقام پر یہ کام کیا جا رہا ہے، اس کے سیاسی تناظر پر ہے۔

**اگر بورڈ اور ٹیم میں موجود ہر فرد عورت ہو، لیکن میرا ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایسا مرد ہو جو خواجہ سرا نہ ہو تو کیا میرا ادارہ مالی امداد کا اہل قرار پا سکتا ہے؟**

بدقسمتی سے، ہمارا جواب ہے نہیں۔ جیسا کہ اوپر بتایا گیا کہ WFA ایسے گروپوں کو مدد فراہم کرتا ہے جو اپنے فیصلہ ساز عہدوں پر عورتیں اور خواجہ سرا* رکھتا ہو۔ چند اہم معاملات میں ہو سکتا

---

[2] ایشیا پیسفک ٹرانس جینڈر نیٹ ورک، ٹرانس جینڈر کی یاد کا دن 2015: http://www.weareaptn.org/wp-content/uploads/2017/10/transgender-day.pdf

ہے کہ کچھ لچک دکھائی جائے، لیکن یہ بہت ہی کم ہوتا ہے اور اس کا انحصار مختلف صورتوں پر ہے۔

**اگر ہم نیا ادارہ ہیں اور آج تک کبھی کوئی فنڈ حاصل نہیں کیا تو کیا ہم درخواست دے سکتے ہیں؟**

WFA درخواست دینے کے لیے نئے منصوبوں/ گروپوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

**ہم نے ویمنز فنڈ ایشیا کے لیے پہلے درخواست دی تھی لیکن فنڈ نہیں پایا، کیا ہم دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں؟**

پہلے تو یقینی بنائیے کہ آپ WFA کے مرتب کردہ اہلیت کے معیارات پر پورے اتر رہے ہیں، اگر ایسا ہے تو آپ دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں!

**کیا ہمیں درخواست دینے کے لیے رجسٹرڈ ہونا ہوگا؟**

درخواست دینے سے پہلے ہمیں لکھ بھیجیے اور ہم دیگر امکانات بھی تلاش کر سکتے ہیں۔

**عام ویمنز فنڈ ایشیا گرانٹ کی رقم اور دورانیہ کیا ہے؟**

عام WFA گرانٹ 6 ماہ سے 1 سال کی ہوتی ہے۔ اگر آپ پہلی مرتبہ گرانٹ پا رہے ہیں تو آپ 5000 سے 7000 ڈالرز تک کے سرمائے کی توقع رکھ سکتے ہیں۔ ہمارے طویل المیعاد شراکت داروں (1 سال سے زیادہ کے) کے لیے 10 ہزار ڈالرز تک کی گرانٹ متعین کی جا سکتی ہے۔ انفرادی گرانٹ 5000 ڈالرز سے زیادہ نہیں ہو سکتی۔

**کیا انفرادی طور پر درخواست دی جا سکتی ہے؟**

جی ہاں، انفرادی طور پر درخواست دی جا سکتی ہے۔ ہم عورتوں اور خواجہ سراؤں* کے حقوق کی تحاریک میں/ کے لیے زیادہ بڑے تناظر میں درخواست کی اہلیت اور کام کی مطابقت کی بنیاد پر گرانٹ دیتے ہیں۔ البتہ ہم ادارہ جاتی یا منصوبہ جاتی گرانٹ کو ترجیح دیتے ہیں۔

**کیا ہم ویمنز فنڈ ایشیا کے گرانٹ کے دورانیے سے ہٹ کر درخواست دے سکتے ہیں؟**

WFA حقوق نسواں کی تحاریک کو مضبوط کرنے کے لیے درخواستیں سال میں ایک مرتبہ طلب کرتا ہے۔ وسائل دستیاب ہوں تو سال کی تیسری سہ ماہی میں دوسرا اعلان بھی کیا جا سکتا ہے۔ اس اعلان سے ہٹ کر موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جاتا۔ البتہ WFA کے صلاحیتوں کو بڑھانے والی گرانٹ کے لیے سال میں کسی بھی وقت درخواست دی جا سکتی ہے، جو سفری، تحقیقی، اہم شعبوں اور وکالت کا احاطہ کرتے ہیں۔ یہ معلومات ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہیں ۔ ذہن میں رکھیے کہ Leading for the South programme پروگرام[3] کے لیے WFA کا اگلا اعلان اکتوبر 2018ء میں کیا جائے گا۔

### اگر ہمارا سالانہ بجٹ 50,000 ڈالرز سے زیادہ ہو تو کیا ہم اہل ہیں؟

WFA کا Strengthening Feminist Movements پروگرام نچلے درجے کے گروپس کی مدد کے لیے ہے جن کی سرمائے تک رسائی محدود ہو۔ 50,000 امریکی ڈالرز کا سالانہ بجٹ رکھنے والے گروپ اس پروگرام کے تحت اہل نہیں ہیں۔

### کیا میرا ملک گرانٹ کے اس دورانیے میں درخواست دینے کا اہل ہے؟

موجودہ اعلان بنگلہ دیش، بھارت، نیپال، پاکستان اور سری لنکا کے لیے ہے۔

### کیا ہم ایک عرصے میں ایک گرانٹ سے زیادہ کے لیے درخواستیں دے سکتے ہیں؟

نہیں، ترجیح یہی ہے کہ ایک گروپ ایک عرصے میں صرف ایک درخواست دے۔ البتہ دوسرے قومی یا بین العلاقائی گروپوں کے ساتھ تعاون کا حصہ بننے پر ایک سے زیادہ درخواستیں جمع کروائی جا سکتی ہیں۔

### کیا WFA ہنگامی گرانٹس دیتا ہے؟

نہیں، WFA ہنگامی گرانٹس فراہم نہیں کرتا۔ البتہ ہم سے رابطہ کرنے میں ہرگز مت جھجکیں، ہم آپ کو دیگر ذرائع سے منسلک کرنے اور/یا ضروری تکنیکی مدد دینے کی پوری کوشش کریں گے۔

### WFA کسے ترجیح دیتا ہے: پرانے شراکت داروں کو یا نئی گرانٹس کو؟

یہ WFA کے لیے ایک چیلنج ہے، جیسا کہ دوسرے گرانٹ دینے والے گروپوں کے لیے بھی ہوتا ہے، اس کی بڑی وجہ ہے محدود وسائل۔ WFA ہر سال نئے شراکت داروں کو شامل کرنے کے لیے کام کرتا ہے، ساتھ ہی موجودہ شراکت داروں کی مدد بھی کر رہا ہے تاکہ ایک عرصے تک انھیں مسلسل

[3] http://www.womensfundasia.org/index.php?r=whatWeDo/leadingfromtheSouth

مدد دی جا سکے۔ ہر دورانیے میں جو وسائل ہمارے پاس موجود ہوتے ہیں، ان کے ہوتے ہوئے ہمیں نئے اور موجودہ شراکت داروں کے درمیان گرانٹ کی تقسیم پر مشکل فیصلے کرنا پڑتے ہیں۔ مثال کے طور پر WFA کے گزشتہ دورانیے کی 40 فیصد گرانٹس اپنے موجودہ شراکت داروں کو دی گئیں جبکہ 60 فیصد نئے گرانٹس حاصل کرنے والے تھے۔

**اپنی درخواست پر پر فیصلے کے لیے مجھے کتنا انتظار کرنا ہوگا؟**

آپ کو درخواست بھیجنے کے ایک ہفتے کے اندر وصولیابی کی رسید مل جانی چاہیے۔ وہ گروپ کہ جنھوں نے اسے تکنیکی معیارات کی پڑتال کے مرحلے پر نہیں چھوڑا، اعلان کا دورانیہ ختم ہو جانے کے بعد تین ہفتوں میں فیصلے سے آگاہ کردیے جائیں گے۔ دیگر تمام درخواست گزاروں کو 5 سے 10 ہفتوں کے درمیان WFA کی ٹیم کی جانب سے معلوم ہو جانا چاہیے، البتہ اس کا انحصار انتخابی عمل میں ہر درخواست کے پہنچنے کے مرحلے پر ہے۔ اگر درخواست کی وصولیابی بند ہوئے 5 ہفتے گزر چکے ہیں اور آپ کو اب بھی WFA کی جانب سے کچھ سننے کو نہیں ملا تو جاننے کے لیے grants@wf-asia.org پر لکھ بھیجیے۔